© rasailojaraid.com



مانگیں اور اس بات کا عہد کریں کہ ہماری زندگی اللہ کے لئے ہے ۔ ہمارا مرنا بھی اللہ کے لئے ہے اور اس کے سوا ملک کو دنیا کی کوئی طاقت اللہ کے عذاب میں مبتلا ہونے سے نہیں بچا سکتی ۔

ملک اندرونی خطرات سے بھی دوچار ہے اور بیرونی خطرات سے بھی دوچار ہے اور خطرات کا مقابلہ صرف ایمان کی قوت سے اسلام کی قوت سے ۔ اس قوت سے جس قوت سے محمد رسول اللہ نے مٹھی بھر مسلمانوں کو غلبہ عطا کیا تھا ساری دنیا پر غالب بنایا تھا اسی قوت سے ہو سکتا ہے ۔

اللہ سے دعا ہے اللہ ہمیں اسلام سے مکمل طور پر وابستہ ہونے کی اسلام کی تعلیمات پر عمل کرنے کی ۔ کتاب وسنت کو اپنانے کی اور قرآن و سنت کو اس ملک میں رائج کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔

## علامہ احسان الٰہی ظہیر

### ایک عہد ۔ ایک تحریک

محترم مولانا قاضی محمد اسلم سیف فیروزپوری صاحب علامہ صاحب رحمہ اللہ کے ان قریبی ساتھیوں میں سے ہیں جو نہ صرف آپ کی فکر سے متفق بلکہ آپ کے ساتھ جدوجہد میں بھی شریک رہے ۔ علامہ صاحب کے افکار کے ادراک میں قاضی صاحب کا شمار سرفہرست طبقے میں ہوتا ہے ۔ ان کی یہ کتاب علامہ صاحب کی شخصیت جدوجہد اور افکار کو سمجھنے کا بہترین ذریعہ ہے ۔ قاضی صاحب نے بڑی عرق ریزی سے کام لے کر واقعات و حالات کو مرتب کیا ہے اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے ۔ تفصیلی تبصرہ تو کسی اور شمارے میں شائع کیا جائے گا تاہم اس موقعہ پر قارئین مجلّہ سے التماس ہے کہ وہ اس کتاب سے استفادہ کرنے میں کوتاہی نہ کریں ۔

محترم ڈاکٹر سبطین لکھنوی صاحب کی کاوش بھی قابل تحسین ہے ۔ ان کی تصنیف بھی بازار سے دستیاب ہے ۔ اللہ تعالیٰ انہیں بھی جزائے خیر عطا فرمائے ۔ آمین

© rasailojaraid.com

ادارہ